فوری ریلیز کے لیے: 4/8/2022 **گورنر** ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ ریاستی پولیس پوری ریاست میں بندوقوں کی ضبطی میں اضافہ جاری رکھے گی

ریاستی پولیس نے 2022 میں بندوقیں قبضے میں لیے جانے میں، 2021 کے اس ہی دورانیے کے مقابلے میں 104 فیصد اضافہ رپورٹ کیا

اس میں ریاستی پولیس کے نئے یونٹ کی انسداد بندوق کی بڑی کاروائی شامل ہے، جس میں 30 غیر قانونی بندوقیں ضبط کی گئیں بشمول اسالٹ رائفلز اور گھوسٹ گنز؛ متعدد مشتبہ افراد گرفتار

گورنر Hochul نے ریاستی بجٹ میں ریاستی پولیس کے گن اسمگلنگ کی روک تھام کے نئے یونٹ کے لیے 14 عہدوں کے لیے $2.5 ملین حاصل کیے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاستی پولیس رواں سال میں بندوقوں کی ضبطی میں 104 فیصد اضافہ رپورٹ کر رہی ہے، ان اعداد و شمار میں بڑا اضافہ کئی ماہ سے جاری تحقیقات کے نتیجے میں آتشیں اسلحے کا ایک بڑا ذخیرہ پکڑنے اور بندوقوں کی اسمگلنگ کے ایک گروہ میں ملوث متعدد ملزمان کی گرفتاری کے باعث ہوا۔ یہ کامیاب تفتیش ریاستی پولیس کے گن ٹریفکنگ کی روک تھام کے یونٹ (State Police Gun Trafficking Interdiction Unit) نے کی۔ گورنر Hochul نے گزشتہ موسم گرما میں GTIU یونٹ بنائے جانے کے بعد FY 2023 کے بجٹ میں اس یونٹ کے 14 عہدوں کو فنڈ کرنے کے لیے $2.5 ملین حاصل کیے۔ بندوقیں قبضے میں لیے جانے میں یہ خاطر خواہ اضافہ قانون نافذ کرنے والے اقدامات کی حمایت کرنے کے لیے اس قسم کی اسٹریٹجک سرمایہ کاریوں کا براہ راست نتیجہ ہے جو غیر قانونی آتشیں اسلحے کے خلاف انسدادی کاروائیاں کرتے ہیں۔

"بندوقوں کے پرتشدد استعمال، جس نے نیو یارک کو ایک وباء کی طرح زد میں لیا ہوا تھا، کے خلاف اپنی جارحانہ لڑائی میں ہماری حقیقی پیشرفت جاری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاستی پولیس کے گن ٹریفکنگ کی روک تھام کے یونٹ کے لیے اپنی معاونت کے ذریعے، ہم ان لوگوں کی تفتیش اور ان کو انصاف کے کٹھرے میں لانے پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں جو ریاست میں بندوقیں اسمگل کر رہے ہیں اور انہیں غیر قانونی طور پر دوسرے مجرموں کو فروخت کر رہے ہیں جو ریاست کے بندوق کے ضوابط کو پامال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ مجھے اس خصوصی یونٹ کے لیے ان کے اہم کام کی حمایت کرنے کے لیے ریاستی بجٹ میں $2.5 ملین کی فنڈنگ حاصل کرنے میں مدد کرنے پر فخر رہا، اور آج ہم بندوقیں اسمگل کرنے والوں کو ہر جگہ ایک ٹھوس پیغام دے رہے ہیں کہ: ہم اپنی سڑکوں کو پر تشدد پر ان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے اور غیر قانونی بندوقیں ضبط کرنا جاری رکھیں گے۔"

ریاستی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا، "میں گورنر کے مسلسل تعاون کے لیے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ہم اپنے وسائل مہیا کرنے اور ہر سطح پر قانون نافذ کرنے والے شراکت داروں کے ساتھ تعاون کے ذریعے اپنی ریاست میں غیر قانونی بندوقوں کی آمد کو کم کرنے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔"

پچھلے سال کے آخر میں، ریاستی پولیس GTIU نے متعدد حدود میں چلنے والے بندوقوں کی اسمگلنگ کے گروہوں کے متعلق اپنی پہلی تفتیش شروع کی۔ مہینوں تک جاری رہنے والی تحقیقات کے نتیجے میں مختلف کاؤنٹیز میں متعدد مقامات پر سرچ وارنٹس پر عمل درآمد ہوا۔ مجموعی طور پر، اس کیس کے نتیجے میں 30 بندوقیں ضبط ہوئیں، جن میں چھ اسالٹ رائفلیں، سات اعلیٰ صلاحیت والے میگزین، بارہ گھوسٹ گن پستول اور مختلف گھوسٹ گنز کے پرزے شامل ہیں۔ متعدد افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ عدالتی کاروائی زیر عمل ہونے کی وجہ سے اس وقت مزید معلومات کو خفیہ رکھا جا رہا ہے۔

ریاستی پولیس GTIU کو گزشتہ موسم گرما میں نیویارک میں غیر قانونی بندوقوں کی اسمگلنگ کو نشانہ بنانے کے لیے بنایا گیا تھا اور یہ پیچیدہ، طویل مدتی تحقیقات کرتی ہے جو ان کی فراہمی کے ذرائع کو کم کرنے پر مرکوز ہوتی ہیں۔ GTIU کا ہدف، قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے ساتھ جو تحقیقات میں شراکت کر رہے ہیں، غیر قانونی بندوق رکھنے اور اس کے بعد اکثر ہونے والے پرتشدد جرائم کو کم کرنا ہے۔

اس سال میں اب تک، ریاستی پولیس نے 795 بندوقیں ضبط کی ہیں، جو پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران ضبط کی گئی 389 بندوقوں کے مقابلے میں 104 فیصد زیادہ ہے۔ مجموعی طور پر، ریاست میں قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کی جانب سے بندوقین ضبط کیے جانے کے 3,166 مواقع کی رپورٹ کی گئی ہے جس کے مقابلے میں پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران یہ تعداد 2,181 تھی، یعنی 45 فیصد کا اضافہ۔

ریاستی پولیس GTIU ان کئی اقدامات میں سے ایک ہے جن کی گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک میں بندوقوں کے پرتشدد استعمال کی وباء پر جارحانہ حملہ کرنے کے لیے حمایت کی ہے۔ اس میں شامل ہے غیر قانونی بندوقوں پر انٹراسٹیٹ ٹاسک فورس (Interstate Task Force on Illegal Guns)، جو کہ کنیکٹیکٹ، میئن، ماساچوسٹس، نیو ہیمپشائر، نیو جرسی، پنیسلوینیا، ورمونٹ، کیوبیک کے قانون نافذ کرنے والے نمائندوں کے ساتھ ساتھ شراب، تمباکو، آتشیں اسلحے اور بارودی مواد کے بیورو (Bureau of Alcohol, Tobacco, Firearms, and Explosives, ATF) اور نیو یارک سٹی محکمہ پولیس کے قانون نافذ کرنے والے نمائندوں کو اکٹھا کرنے کے لیے ملک میں پہلا اقدام، تاکہ بندوقوں کی اسمگلنگ کی تحقیقات سے متعلق معلومات، حکمت عملی اور طریقوں کا اشتراک کیا جاسکے۔

مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں 227$ ملین ان جرات مندانہ اقدامات کو فنڈ دینے کے لیے شامل ہیں جو قانون نافذ کرنے والے اداروں اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی بندوقوں کے پر تشدد استعمال کی روک تھام کی کوششوں کو تقویت دیں گے۔ اس میں کمیونٹی اسٹیبلائزیشن یونٹس (Community Stabilization Units) کے استعمال کو بڑھانے کے لیے 13.1$ ملین، بندوقوں کے پرتشدد استعمال کی روک تھام کے لیے مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی براہ راست مدد کے لیے 18$ ملین، بندوقوں کے پر تشدد استعمال کے بعد علاقائی ضروریات کے لیے 20$ ملین اور بندوقوں کے پر تشدد استعمال کے انسداد کے دفتر کے لیے 3$ ملین شامل ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں